اِستان قدس رضوی کے تخلیقی اِرٹ انسٹیٹوٹ کی جانب سے کتابوں کی صورت میں کئی شاندار فن پارے پیش کئے گئے ہیں۔

## بچوں اور نوجوانوں کے لئے ۲ ہزار سے زائد کتب کی اشاعت

اِستان قدس رضوی میں کتابوں کی اشاعت کے اہم عناوین میں بچوں اور نو عمر افراد کے لئے کتاب اور کتابخوانی کا موضوع نہایت قابل توجہ ہے۔ اِستان قدس رضوی کی ''بہ نشر'' پبلی کیشر کئی برسوں سے ''کتاب ہای پروانہ'' برینڈ کے ساتھ مختلف عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لئے متعدد تصانیف شائع کر چکی ہے، البتہ بہ نشر پبلی کیشر کے ساتھ اِستان قدس رضوی کے دُوسرے ادارے جیسے اِستان قدس رضوی کا ادارہ تبلیغات اسلامی، اِستان قدس رضوی کی اسلامک ریسرچ فاونڈیشن، جوانان انسٹیٹوٹ اور اسی طرح کچھ دیگر ادارے بھی بچوں اور نوجوانوں سے متعلق متعدد تصانیف شائع کر چکے ہیں۔

## کتاب اور ٹیکنالوجی ساتھ ساتھ

وسیع پیمانے پر ورچوئل اسپیس کے اِنے اور زندگی کے روزمرہ تنازعات کی وجہ سے شاید ہمارے پاس اپنی پسندیدہ کتابیں پڑھنے کے لئے وقت بہت ہی کم ہو، لیکن چونکہ کتابوں کا مطالعہ ہماری طرز زندگی پر بہت اثر انداز ہوتا ہے اور اس کے علاوہ ہمیں ہماری اردگرد کی دنیا کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے جس سے ہمارے علم میں اضافہ ہوتا ہے اس لئے جب بھی موقع ملے کتاب کا ضرور مطالعہ کیا جائے، اس طرح کی صورتحال میں جب ہمارے پاس وقت کی قلت ہو تو ہمیں مطبوعہ کتب کی بجائے الیکٹرانک اور اڈیو بکس کی طرف جانا چاہئے اور اس سلسلے میں مختلف پبلی کیشر اِڈیو بکس تیار کر رہے ہیں۔

## پرنٹنگ پلیٹ فارم رضوی تعلیمات کی اشاعت میں مصروف

اِستان قدس رضوی کی ثقافتی مصنوعات اور کتب کی پروڈکشن اور اشاعت، کتاب پروڈکشن کے معیار اور مقدار میں اضافہ، پروڈکشن سینٹرز کی پیداواری صلاحیت کو بڑھانا، نمائشوں اور ثقافتی پروگراموں میں شریک ہونا، کاروباری سرگرمیوں میں کمی کرنا اور اس طرح کی خدمات کو نجی شعبے کے حوالے کرنا وغیرہ اِستان قدس رضوی پبلی کیشر کے جملہ اہداف و مقاصد اور سرگرمیاں ہیں۔

کمپنی کی طباعت شدہ کتب کے مستحکم معیار کی ضمانت دینا جو کہ پرنٹنگ انڈسٹری کے معیاروں کے مطابق ہوں یہ سب اس جدید ٹیکنالوجی اور خریداروں کی خواہشات پر توجہ دینے کی بدولت ممکن ہوا ہے، ان تمام امور پر توجہ دینے سے پرنٹنگ انڈسٹری خاص طور پر دینی کتابوں کی اشاعت میں بہت زیادہ مقابلہ چل رہا ہے اور اس میں بہتری سے قران کریم کے اشاعتی مرکز کو خطے کی مارکیٹ میں مؤثر پذیرائی ملی ہے۔

## اِستان قدس رضوی کے کتب خانے اور بک ڈپو

اِستان قدس رضوی کے متعدد کتب خانے اور بک ڈپو مختلف صوبوں میں کتاب و کتابخوانی سے دلچسپی رکھنے والوں کو خدمات فراہم کررہے ہیں، یہ مراکز خطے کی ضروریات کے ساتھ ساتھ اِستان قدس رضوی میں موجود امکانات کی بنیاد پر کتب خانوں یا اشاعتی اداروں جیسے بہ نشر پبلی کیشر کی نگرانی میں کتابوں کی فراہمی اور کتابخوانی کی ثقافت کو فروغ دینے اور اس سے متعلق دیگر مختلف کاموں کے لئے براہ راست یا نمائندے کے طور پر فعالیت انجام دے رہے ہیں۔

اِستان قدس رضوی کے کتب خانے اور بک ڈپو صوبہ تہران، صوبہ خراسان جنوبی، صوبہ یزد، صوبہ کرمانشاہ، صوبہ لرستان، صوبہ خوزستان، صوبہ گلستان، صوبہ سمنان، صوبہ گیلان، صوبہ ہرمزگان، صوبہ مغربی اِذربائیجان اور صوبہ چہارمحال اور بختیار میں فعالیت انجام دے رہے ہیں، اس کے علاوہ اِستان قدس رضوی کے مشہد مقدس اور ملک کے دیگر حصوں میں ۱۰۰ کتب خانے اور بک ڈپو ہیں، ایک لائبریری ہندوستان میں بھی ہے جس کا نام راجہ محمود اِباد لائبریری ہے جسے ۱۹۸۹ میں افتتاح کیا گیا، اس لائبریری میں ۱۶۵۰ مخطوطہ کتب اور تقریبا ساڑھے سینتیس ہزار مکتوبات فارسی، عربی، اردو اور انگریزی میں پائی جاتی ہیں۔

## دنیا بھر میں رضوی تصانیف کی نمائش

کئی برسوں سے رضوی کتاب خوانی کے کلچر اور ثقافت کو فروغ دینے کے مقصد سے مختلف ممالک میں منعقد کئے جانے والے بین الاقوامی کتاب فیسٹیولز میں شریک ہونا اِستان قدس رضوی کے ایجنڈے میں شامل تھا اور اب بھی ہے، حقیقت میں اِستان قدس رضوی ملک میں کتاب فیسٹیولز کا بنیادی ستون ہے خصوصا تہران کتاب فیسٹیول اور اسی طرح دیگر موضوعاتی کتاب فیسٹیول اور صوبائی سطح پر منعقد کئے جانے والے کتاب فیسٹولز کا بنیادی رکن اور ستون شمار کیا جاتا ہے۔

ملکی کتب فیسٹیولز میں شرکت کے علاوہ اِستان قدس رضوی کئی دیگر ممالک بشمول بیروت، نجف، مسقط، فرینکفرٹ وغیرہ میں ہونے والے کتاب فیسٹیولز میں شرکت کر کے رضوی تصانیف کو پیش کر رہا ہے، متعدد فیسٹیولز میں مختلف موضوعات جیسے بچوں، نوجوانوں، ناول، کہانیاں، شعر، علوم قران، حدیث، فقہ و اصول، ثقافت اور سیرت اہلبیت] وغیرہ پر متعدد تصانیف پیش کرنا جملہ اِستان قدس رضوی کی کتاب کے حوالے سے فعالیت ہے۔